جہادِ افغانستان اور فتحِ مبین | مرتب و مؤلف: مولانا مشتاق احمد عباسی۔

ناشر: ادارہ صدیقیہ نزد حسین ڈی سلوا۔ گارڈن ویسٹ نشتر روڈ کراچی ۳۔
ضخامت: ۲۴۰ صفحات۔ قیمت: -/۳۲ روپے۔

افغانستان، جو جیالے مسلمان افغانوں کی سرزمین ہے۔ روس نے سپر پاور ہونے کے زعمِ باطل میں مبتلا ہو کر اس پر راتوں رات شب خون مارا اور یلغار کر دی۔ اس سے پہلے برطانیہ نے بھی ایسی حماقت کی تھی۔ برطانیہ کو جس طرح غیور افغانوں نے شکستِ فاش سے دوچار کیا۔ اسی طرح روس کو باوجود بے سروسامانی کے افغان مجاہدین نے ایسے ناکوں چنے چبوائے کہ اسے چھٹی کا دودھ یاد آگیا۔ اور دُم دبا کر بھاگ کھڑا ہوا۔

نہتے، بے سروسامان مجاہدین نے جدید ترین ٹیکنالوجی کا مقابلہ کس طرح کیا؟ اس کتاب میں اسی سوال کا جواب دیا گیا ہے۔ حقیقی واقعات سے وابستہ یہ کتاب جذبۂ جہاد اور شوقِ شہادت پیدا کرنے اور بیدار کرنے کے لیے نہایت عمدہ تالیف ہے۔

(ع۔ و)

بعثتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم | مؤلف: وسیم ڈار۔ ناشر: اساس پبلشرز، پوسٹ بکس ۱۵۸۰۰ - کراچی - ۷۴۸۰۰۔ ضخامت: ۲۶ صفحات۔ قیمت درج نہیں۔

یہ مختصر سا پمفلٹ ہے، جس میں مذاہبِ عالم کی مقدس کتابوں میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں درج بشارتوں کو بحوالہ ایک جگہ جمع کیا گیا ہے۔ یہ بشارتیں نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کی واضح شہادتیں ہیں — ما شهدت به الاعداء کے مطابق، مخالف کی گواہی بڑی وزنی دلیل ہے۔ اس کے مطالعہ کی سفارش کی جاتی ہے۔